کو معطر اور معنبر کر دینے کے ساتھ ساتھ وجدان پر پُر کیف سکنہ طاری کر دیتے ہیں۔ کتاب کا ہر ورق بادہ نوشان معرفت جرعہ کیشان سلوک و احسان، جادہ پیمایان شریعت، معلمین و متعلمین، مہتمین و منتظمین کے لئے یکساں طور پر مفید اور علمی و تاریخی دستاویز ہے جس میں مؤلف نے حضرت صاحب سوانح کی مختلف جہات سے تصویر کشی کی ہے۔ کتاب کیا ہے ایک عہد، ایک تاریخ ایک تحریک ایک دور علمی و اصلاحی مکاتیب کا خزینہ پر کیف سفرنامہ اور سبق آموز پندنامہ ہے اور ان سب سے بڑھ کر نسخہ کیمیا۔

(حافظ محمد ابراہیم فانی)

<u>خارجی فتنہ</u> ۔ مؤلفہ ۔ حضرت مولانا قاضی مظہر حسین صاحب ۔ حصہ اول ۔ قیمت ۲۵ روپے
پتہ ۔ تحریک خدام اہلسنت چکوال

حضرت امام حسنؓ اور حضرت امیر معاویہؓ نے جب باہمی صلح کر لی اور لوگوں کو اطمینان سے غور کرنے کا موقعہ ملا تو سب سے پہلے یہ سوال پیدا ہوا اور غالبا کوفہ میں پیدا ہوا کہ اگر ہم حق پر تھے تو دوسرے فریق کی نسبت کیا خیال کریں اگر حق پر نہ تھے تو ہم خود مذہبی عدالت میں کیا ٹھہرتے ہیں۔ جب کہ قرآن میں تصریح آئی ہے۔ کہ "ومن یقتل مومنا متعمدا فجزاؤہ جہنم خالداً فیہا"

فریقین تو سوچ ہی رہے تھے کہ خوارج نے اعلان کر دیا کہ دونوں جہنمی ہیں کیونکہ دونوں نے جان بوجھ کر ایک دوسرے پر تلوار چلائی ہے۔ اہل سنت کا اس وقت یہ عقیدہ تھا اور اب بھی ہے کہ یہ قتل عمد نہیں۔ بلکہ قتل خطاء ہے اس لئے اصل فیصلہ اس کے ہاتھ میں ہے جو حقیقت حال سے واقف اور نیتوں کے منشا سے آگاہ ہے دراصل خوارج فرقہ سبائیہ (جو اسلام کا سب سے پہلا فرقہ ہے جس کا بانی ابن سبا ایک یہودی نومسلم تھا جس نے حضرت عثمانؓ کے مخالفین کو ایک شیرازہ میں مجتمع کیا تھا) کی دوسری شاخ ہے۔ اور پہلی شاخ نے اپنے کو علویہ یا شیعان علی کے لقب سے مشہور کیا۔ خوارج کی تردید خود صحابہ کرام سے منقول و مذکور ہے۔ حضرت مولانا قاضی مظہر حسین صاحب نے بھی زیر تبصرہ کتاب میں " ما انا علیہ واصحابی " کے اصول کے پیش نظر اصلاً خوارج اور ضمناً اہل تشیع کا زبردست نوٹس لیا ہے۔ محمود احمد عباسی اور اس کے پیرو کاروں سے ٹھوس علمی بنیادوں پر گفتگو کی ہے اس کتاب میں بھی اور ان کی باقی تصنیفات کی طرح تحریر شستہ اور لہجہ متین ہے جو ہر طبقہ کے لئے یکساں طور پر مفید ہے۔

(عبدالقیوم حقانی)

<u>ہادیٔ عالم (صلی اللہ علیہ وسلم</u> ۔ مصنف ۔ جناب ولی محمد رازی ۔ صفحات ۴۰۸ ۔ قیمت ۶۴ روپے
ملنے کا پتہ :- دار العلم ، ۳۴ بی ۔ اشرف منزل ۔ ویب روڈ ۔ گارڈن ایسٹ کراچی
پیش نظر کتاب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ پر مشتمل ہے۔

ابتدائے اسلام سے لے کر آج تک ہر زمانہ اور ہر زبان میں سیرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بے شمار کتابیں